سوال

موجودہ نظام حکومت کے ٹیکس کی چوری کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

موجودہ حکومت و نظام حکومت غیر اسلامی ہے کیا ہم اس غیر اسلامی حکومت ''جس نے ہمارے اوپر بے شمار ٹیکس عائد کر رکھے ہیں ''کی چوری کر سکتے ہیں۔ مثلاً ریلوے میں دوران سفر ٹکٹ نہ لینا۔ بجلی چوری کرنا وغیرہ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

موجودہ حکومت اور نظام حکومت کچھ اسلامی اور کچھ غیر اسلامی ہے رسول اللہ ﷺ کا فرمان ابوداود، ترمذی اور مستدرک حاکم میں موجود ہے :

«أَدِّالأَمَانَةَإِلٰى مَنِ ائْتَمَنَكَ ، وَلاَ تَخُنْ مَنْ خَانَكَ» (ترمذی ابواب البیوع جلد اول ص ۲۳۹ ابوداود۔ کتاب البیوع ۔ باب فی الرجل یاخذ حقه من تحت یده)

''جو تیرے ساتھ امانت داری کا سلوک کرے تو بھی اس سے ایسا ہی کر اور جو تیرے ساتھ خیانت کرے تو اس سے خیانت نہ کر''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

خرید و فروخت کے مسائل ج1ص384